ACES اور خراب موسم

2017-18

<u>وقت سے پہلے چھٹی</u>

اگر اسکول وقت سے پہلے بند ہوتا ہے تو ACES کام نہیں کرتا ہے۔ ACES سے تعلق رکھنے والے والدین اپنے بچوں کو اسکول کے بند ہونے کے اعلان کے وقت پر لے جائیں۔

<u>اسکول میں ریگولر وقت پر چھٹی ہوتی ہے، لیکن اسکول کے بعد ہونے والی سرگرمیاں منسوخ ہو جاتی ہیں</u>

جب اسکول میں ریگولر وقت پر چھٹی ہوتی ہے، لیکن اسکولی وقت کے بعد ہونے والے کھیل اور ٹیوشن کی سرگرمیاں منسوخ ہو جاتی ہے تو ACES اب بھی کام کرتا ہے۔ ACES کے والدین کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ جتنی جلدی ہو سکے اپنے بچے کو لے جائیں تا کہ گھر والے اور ACES کے اسٹاف روڈ کے غیر محفوظ ہونے سے پہلے گھر پہنچ سکیں۔

<u>اسکول کی چھٹی/منسوخی</u>

ACES اس وقت کام نہیں کرتا ہے جب اسکول طلباء کے لیے بند ہوتا ہے۔ اگرچہ وہ دن اساتذہ کے لیے ایک اختیاری کام کا دن ہو، پھر بھی ACES ان دنوں میں کام نہیں کرتا ہے جب خراب موسم کی وجہ سے اسکول منسوخ ہو جائیں۔

<u>ACES آل-ڈے</u>

2017-18 میں، ایک یا ایک سے زیادہ اسکولوں (توسیعی سال کے الیمینٹری اسکول، مڈل/ارلی کالج ہائی اسکول یا ریگولر 10 مہینے کے اسکولوں) کے لیے ہر ACES آل-ڈے ایک اسکولی دن ہوتا ہے۔

اگر اسکول بند ہو تو اس دن کے لیے مقرر کوئی بھی ACES آل-ڈے منسوخ ہو جاتا ہے۔

اگر اسکول کھلنے میں تاخیر ہو تو ACES آل-ڈے کے کھلنے کے وقت میں اتنی ہی تاخیر ہوتی ہے۔ مثلاً اگر اسکول میں 2 گھنٹے کی تاخیر ہو تو ACES آل-ڈے میں تاخیر ہو کر صبح 7:30 سے صبح 9:30 تک ہو جاتا ہے۔

<u>بند سے متعلق معلومات</u>

اسکول کے بند ہونے سے متعلق معلومات GCS کی ویب سائٹ www.gcsnc.com پر، GCSTV 2 پر اور مقامی ٹی وی (TV) پر اور ریڈیو اسٹیشنوں پر مل سکتی ہیں۔

GCS موسم کے حالات اور دیگر چیزوں کے مد نظر ACES کی کارروائیوں سے متعلق فیصلے لے سکتا ہے سوائے اس کے جو اوپر مذکور ہیں۔

اگست 2017